QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 228

کیسکو صارفین بجلی کے بل آن لائن طریقے سے "راست اکاونٹ" کے زریعے جمع کرواسکتے ہیں

بجلی کے قسط کردہ بلوں کی ادائیگی بھی "راست Raast" اکاونٹ کے زریعہ ممکن بنادی گئی ہے: کیسکو

کوئٹہ: 25 مارچ 2026ء۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) اپنے تمام صارفین کو بجلی فراہمی کے سلسلے میں مزید بہترین سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے متعدد اقدامات کررہی ہے۔اب کیسکو کے صارفین گھر بیٹھے اپنے بجلی کے بل کی ادائیگی کسی بھی وقت "راست Raast" اکاونٹ کے زریعے کرسکتے ہیں۔صارفین اپنے بجلی بل پر پرنٹ شدہ کیوآرکوڈ (QR Code) سکین کرکے ڈیجیٹل ادائیگی نظام "راست Raast" کے تحت جمع کرواسکیں گے۔اسکے علاوہ بجلی کے بل قسط کرنے والے صارفین بھی اب متعلقہ ایکسئن، ریونیوآفیسر اور سب ڈویژنل آفیسر سے بجلی کے بل قسط کرکے مطلوبہ رقم ریکارڈ میں درج کروانے کے بعد آن لائن طریقے سے "راست Raast" کے زریعہ جمع کرواسکتے ہیں جبکہ اس سے قبل بجلی کے بل کی اقساط اور درستگی کرکے اس کی ادائیگی پوسٹ آفس اور نیشنل بینک کے زریعے جمع کیا جارہا تھا جس کے لئے بعض صارفین کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔

اب صارفین کی سہولت کے پیش نظر آن لائن طریقے سے جمع شدہ بلوں کی ادائیگی کا ریکارڈ بھی محفوظ رہتا ہے۔صارفین گھر بیٹھے "راست Raast" سے منسلک اپنے موبائل بینکنگ ایپ کے زریعے بجلی بلوں کی ادائیگی فوری اور محفوظ طریقے سے کرسکیں گے۔راست اکاونٹ کے زریعے بجلی بل کی ادائیگی مکمل ہونے پر صارف کو فوری طور پر ایک تصدیقی پیغام بھی موصول ہوجائے گا۔راست اکاونٹ کے زریعے بل کی ادائیگی کیلئے صارف کو کسی قسم کا اضافی چارج یا سروس فیس ادا نہیں کرنی پڑے گی اور یہ سہولت 24 گھنٹے دستیاب ہے۔اس کے علاوہ بجلی کے کنکشن کی ڈیمانڈ نوٹس، ڈیکیشن بل کی ادائیگی، ری کنکشن فیس "راست Raast" کے زریعے کسی بھی وقت جمع کئے جاسکتے ہیں۔صارفین اپنی دہلیز پر جدید سہولیات کی فراہمی اور بجلی بلوں کی ادائیگی کے لئے آن لائن اقدامات سے فائدہ اُٹھائیں اور "راست Raast" اکاونٹ کے زریعے اپنے بل کی ادائیگی کریں۔اس اقدام سے شفافیت میں اضافہ ہونے کے ساتھ ساتھ بجلی بلوں کی بروقت وصولی بھی ممکن بنائی جاسکے گی۔کیسکو نے اپنے تمام صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ ڈیجیٹل ادائیگی کے اس جدید نظام سے فائدہ اُٹھائیں اور اپنے بجلی بل "راست Raast" کے زریعے بروقت جمع کروائیں۔ ###